خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۵۰)

☆ صدر ادارۂ تحقیق وامیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'معروف ومنکر' ان کی مشہور ومقبول کتابوں میں سے ہے۔ انگریزی، عربی اور ترکی کے علاوہ یہ ہندی، تمل اور بنگالی میں بھی شائع ہوچکی ہے۔ اس میں دعوت الی الخیر کی مختصر تشریح کے بعد 'امر بالمعروف ونہی عن المنکر' کے معنیٰ ومفہوم، وجوب واہمیت، شرائط، وسائل وذرائع، حدود وآداب، اوصاف اور دیگر پہلوؤں پر قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل بحث کی گئی ہے اور اسے مفسرین کرام، محدثین عظام اور دیگر علمائے کرام کی آراء سے مدلّل کیا گیا ہے۔ اس کے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ اب مصنف کی نظر ثانی کے بعد اس کا نیا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے زیادہ اہتمام سے شائع کیا ہے۔ صفحات: ۳۱۲، قیمت: ۱۸۵ روپے (مجلد)

☆ حال میں سیرتِ نبوی کے موضوع پر مولانا کا ایک کتابچہ 'حضرت محمد ﷺ۔ آخری رسول، آخری رہ نما' کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ اس میں سیرت کے دعوتی پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے۔ صفحات: ۱۶، قیمت -/ ۱۲ روپے۔

☆ 'بعض اہم اسلامی اصطلاحات اور ان کی تشریح' ہندوستان کے موجودہ حالات کے پس منظر میں مولانا کا ایک اہم کتابچہ ہے۔ اردو میں اس کے کئی ایڈیشن آچکے ہیں۔ اب اس کا ہندی ترجمہ بھی شائع ہوگیا ہے۔ صفحات: ۴۰، قیمت -/ ۱۸

☆ اسلام کے عائلی نظام کا ایک اہم موضوع نفقۂ مطلقہ ہے۔ اس پر مولانا کی کتاب 'نفقۂ مطلقہ۔ ایک علمی جائزہ' کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ اس میں موضوع کے مختلف پہلوؤں پر قرآنِ حدیث اور اقوالِ فقہاء کی روشنی میں تحقیقی بحث کی گئی ہے۔ صفحات: ۳۲، قیمت -/ ۱۶۔ یہ کتاب اس سے پہلے بھی شائع ہوچکی ہے اور 'مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ' میں بھی شامل ہے۔

☆ پاکستان میں اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی نے مولانا عمری کی جملہ تصانیف کو شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ اس منصوبہ کے تحت متعدد کتابیں طبع ہوچکی ہیں۔ حال میں اس نے مولانا کی دو کتابیں (تجلیاتِ قرآن اور اسلام کی دعوت) شائع کی ہیں۔

☆ ادارۂ علوم القرآن علی گڑھ کے زیر اہتمام ۲۰۔۲۱ر اکتوبر ۲۰۱۳ء کو 'رجوع الی القرآن' کے مرکزی موضوع پر سمینار منعقد ہوا۔ اس میں ادارہ کے ارکان نے شرکت کی اور مقالات پیش

کیے۔مولانا محمد جرجیس کریمی کا مقالہ 'اتمامِ حجت کا قرآنی اسلوب' کے عنوان سے اور مولانا ضمیر الحسن فلاحی کا مقالہ 'مکالمہ بین المذاہب اور قرآن کی رہ نمائی' کے عنوان سے تھا، جب کہ مولانا کمال اختر قاسمی نے 'قرآن سے استفادہ کے زرّیں اصول' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔

☆ ۶/ اکتوبر ۲۰۱۳ء کو صدرِ ادارہ مرکزِ جماعت کے ایک وفد کے ساتھ سراج العلوم نسواں کالج علی گڑھ کی سالانہ میٹنگ میں شرکت کے لیے تشریف لائے۔ اس موقع سے آپ کا قیام ادارہ میں رہا اور ادارہ کے محققین اور اسکالرس نے آپ سے استفادہ کیا۔

☆ سابق صدرِ ادارہ مولانا صدرالدین اصلاحیؒ کے صاحب زادے ڈاکٹر رضوان احمد فلاحی، جو گزشتہ تیس (۳۰) سال سے لندن میں مقیم ہیں، ۲۱/ دسمبر ۲۰۱۳ء کو ادارہ تشریف لائے اور تین دن یہاں قیام فرمایا۔ آپ نے ادارہ کی سرگرمیوں سے واقفیت حاصل کی اور مفید مشورے دیے۔

☆ ادارہ کے مجوزہ سمینار کی علمی کمیٹی کی ۱۶/ دسمبر اور ۲۴/ دسمبر کو دو بار نشستیں ہوئیں، جن میں سمینار کی تیاریوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے ضروری امور کی انجام دہی کی منصوبہ بندی کی گئی۔ اب تک تیس (۳۰) سے زائد اصحاب علم نے سمینار میں شرکت کرنے اور کسی موضوع پر مقالہ لکھنے کی منظوری دے دی ہے۔

اس شمارے سے

اس شمارے سے مقالات کی انگریزی زبان میں تلخیص شائع کی جارہی ہے۔

اس کے لیے اس میں آٹھ صفحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

اب تحقیقاتِ اسلامی کا زرتعاون حسب ذیل ہوگا:

اندرونِ ملک		برائے پاکستان	
فی شمارہ	۴۰ روپے	سالانہ (انفرادی)	۲۰ ڈالر امریکی
سالانہ	۱۵۰ روپے	سالانہ (ادارے)	۲۵ ڈالر امریکی
پانچ سال کے لیے	۶۰۰ روپے	**برائے دیگر ممالک**	
سالانہ (لائبریریاں وادارے)	۲۰۰ روپے	سالانہ (انفرادی)	۲۵ ڈالر امریکی
		سالانہ (ادارے)	۳۰ ڈالر امریکی